# LAHORE BOARD

## GRADE 10

## URDU

## 2016 GROUP 1

**MCQ's**

**سوال نمبر 1: دیئے گئے الفاظ یعنی الف/ ب /ج /د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں ۔ہرجزو کا ایک نمبر ہے**

**(i) پروگرام دانش کدا میں کتنا دانشور بلائے جاتے تھے : (1)**

الف۔ چار

ب۔ تین

ج۔ دو

د۔ سات

**درست جواب:** الف۔ چار

**(ii) سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا: (1)**

الف۔ زردہ

ب۔ بونٹ پلاؤ

ج۔ فیرنی

د۔ بریانی

**درست جواب:** ب۔ بونٹ پلاؤ

**(iii) یہ مصرع کس شاعر کا ہے ؟"ہلالِ عید کی گردوں پہ آمد ہے": (1)**

الف۔ اقبالؒ

ب۔ حفیظ جالندھری

ج۔ عبدالمجید سالک

د۔ حالیؔ

**درست جواب:** الف۔ اقبالؒ

**(iv) آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا: (1)**

الف۔ تین

ب۔ پانچ

ج۔ سات

د۔ نو

**درست جواب:** ج۔ سات

**(v) "ملمع"کس کی تحریر ہے : (1)**

الف۔ خدیجہ مستور

ب۔ ہاجرہ مسرور

ج۔ سجاد علی یلدرم

د۔ اشرف صبوحی

**درست جواب:** ب۔ ہاجرہ مسرور

**(vi) چغلخور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہوجاتا ہے : (1)**

الف۔ نمکین

ب۔ میٹھا

ج۔ کھٹا

د۔ کڑوا

**درست جواب:** ب۔ میٹھا

**(vii) علی بخش کو زمین کہا دی گئی تھی: (1)**

الف۔ جھنگ

ب۔ لائلپور

ج۔ لاہور

د۔ خانیوال

**درست جواب:** ب۔ لائلپور

**(viii) میدان کربلا میں گرمی کی شدت کس شاعر کی تخلیق ہے: (1)**

الف۔ مرزا دبیر

ب۔ میرانیس

ج۔ مولوی میر حسن

د۔ میر خلیق

**درست جواب:** ب۔ میرانیس

**(ix) شاعرنے فاطمہ کو حور کہا ہے: (1)**

الف۔ صحرائی

ب۔ ا رضی

ج۔ آسمانی

د۔ جنت

**درست جواب:** الف۔ صحرائی

**(x) کون سی چیز راحت فضا ہو گئی: (1)**

الف۔ رنج

ب۔ مصیبت

ج۔ ناکامی

د۔ حسرت

**درست جواب:** ب۔ مصیبت

**(xi) "ٹن ٹن "گرامر کی رو سے کیا ہے : (1)**

الف۔ اسم مکبر

ب۔ اسم آلہ

ج۔ اسم صفت

د۔ اسم صوت

**درست جواب:** د۔ اسم صوت

**(xii) بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں: (1)**

الف۔ تین

ب۔ چار

ج۔ پانچ

د۔ چھ

**درست جواب:** الف۔ تین

**(xiii) وہ اسم جو خود تومصدر وغیرہ سے بنے لیکن اس سے کوئی لفظ نہ بنے: (1)**

الف۔ مفرد

ب۔ مرکب

ج۔ مشتق

د۔ جامد

**درست جواب:** ج۔ مشتق

**(xiv) درست تلفظ ہے : (1)**

الف۔ عَطُرْ

ب۔ عَطرْ

ج۔ عِطُرْ

د۔ عِطَرْ

**درست جواب:** د۔ عِطَرْ

**(xv) درست تلفظ ہے : (1)**

الف۔ مّشُفِقْ

ب۔ مُشَفَّقْ

ج۔ مَشْفَقْ

د۔ مُشْفِقْ

**درست جواب:** د۔ مُشْفِقْ

**سوال نمبر 2۔ درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔**
**(10) (تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)**

**حصہ نظم**

**(i) اب انسان کو انسان کا عرفان ہو گا**
**یقین ہو گیا ،اعتبار آ گیا ہے**

**(ii)اڑتی تھی خاک ،خشک چشمہ حیات کا**
**کھلا ہوا تھا دھوپ سے پانی سےفرات کا**

**(iii) ہے کوئی ہنگامہ تیری تربت خاموش میں**
**پل رہی ہے ایک قوم تازہ اس آغوش میں**

(iv) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر
دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبض خاک پر

. درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔
(10 (تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)

حصہ غزل

(i) کاروبار جہاں سنورتے ہیں
ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

(ii) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانہ عشق
مگر اے دوست کچھ ایسوں کا ٹھکانہ بھی نہیں

(iii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

سوال نمبر 3- نثر پاروں کی تشریح کریں- سبق عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے- (10

الف-پاکستان نے اپنے قیام سے اب تک بڑی ترقی کی ہے اور اس کا شمار دنیا کے اہم ممالک میں ہوتا ہے.اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان اور زیادہ ترقی کریں اور ہمیشہ ترقی کرے تو ہمیں نظریہ پاکستان کو ہر وقت پیش نظر رکھنا پڑے گا. ا س کی بدولت ہم پاکستان کو زیادہ مستحکم اورشان دار بنا سکتے ہیں

ب- چغل خور نے جب یہ جان لیا کہ کسان اس کی باتوں میں آ گیا ہے. تو وہاں سے چلا آیا اور کسان کے سالوں کے پاس پہنچ گیا. پہنچ کر اس نے ان سے کہا: "تم لوگ یہاں مزے کر رہے ہیں اور تمہارا بہنوئی تمہاری بہن کو روزمار مار کر ادھ موا کر دیتا ہے. وہ اسے اس ظالمانہ طریقے سے مارتا ہے کہ میں بیان نہیں کر سکتا

سوال نمبر 4: (10 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔

(i) مرزا محمد سعید کے دونوں ناولوں کے نام تحریر کیجئے

(ii) اہل مغرب میں قومیت کی بنیاد کسی پر رکھی ہے

(iii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے

(iv) لڑکی گاڑی کے جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا ؟

(v) شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا ؟

(vi) نظم اونٹ کی شادی میں نکیل پڑھنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(vii)سڑک مال گودام روڈ پر جسے جانا پڑے اس کا کیا انجام ہوتا ہے ؟

(viii) دیوانے عشق کیوں ہنگامے اٹھاتے ہیں ؟

سوال نمبر 5: (5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں-

(i) پرستان کی شہزادی:
(ii) استنبول:

سوال نمبر6: (15 دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے-

(i) شہری اور دیہاتی زندگی
(ii) صفائی کے فائدے
(iii) حُبّ وطن

سوال نمبر 7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئیے (10

(i) اس عبارت میں مولانا سے کون مراد ہیں؟

(ii) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظم پڑھی جاتی تھیں؟

(iii) نثار کے معنی لکھئیے؟

(iv) تبصرہ کسے کہتے ہیں؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھئیے؟

# LAHORE BOARD

## GRADE 10

## URDU

## 2016 GROUP 2

**MCQ's**

سوال نمبر 1: دیئے گئے الفاظ یعنی الف/ ب /ج /د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں - ہرجزو کا ایک نمبر ہے

**(i) کانگریس نے نہرو رپورٹ کب شائع کی:** **(1)**

الف-1927

ب- 1928

ج- 1929

د- 1930

**درست جواب:** ب- 1928

**(ii) سیدانی بی کا من بھاتا کھانا کون سا تھا** **(1)**

الف- سیخ کباب

ب- مٹر قیمہ

ج- انڈوں کا حلوہ

د- بونٹ پلاؤ

**درست جواب:** د- بونٹ پلاؤ

**(iii) اقبال کے ہاں حلال عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں بلکہ** **(1)**

الف- ہنسی بھی اڑاتاہے

ب- رولاتا بھی ہے

ج- ڈراتا بھی ہے

د- آزماتا بھی ہے

**درست جواب:** الف- ہنسی بھی اڑاتاہے

**(iv) "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" مصنف کی کس تصنیف سے لیا گیا ہے: (1)**

الف- گنجینہ گوہر

ب- اردو نثر کے میلانات

ج- خیالستان

د- پنجابی لوک داستانیں

**درست جواب:** ج- خیالستان

**(v) چغل خور نے کسان سے اس کی بیوی کے بارے میں کیا کہا کہ وہ: (1)**

الف- کوڑی ہو گئی ہے

ب- پاگل ہو گئی ہے

ج- اندھی ہوگئی ہے

د- باغی ہوگئی ہے

**درست جواب:** ب- پاگل ہو گئی ہے

**(vi) نام دیو مالی ذات کا تھا (1)**

الف- جولا ہا

ب- جٹ

ج- میراثی

د- ڈھیڑ

**درست جواب:** د- ڈھیڑ

**(vii) ڈاکٹر محمد اقبال کو کون سا پھل پسند تھا (1)**

الف- انگور

ب- آم

ج- تربوز

د- سیب

**درست جواب:** ب- آم

**(viii) شتر کے گھر میں کیا آیا ہے (1)**

الف- پھولوں کا گلدستہ

ب- اوراونٹ

ج- ہوا کا جھونکا

د- پیام بہار

**درست جواب:** د- پیام بہار

**(ix) شامل نصاب "نعت" کس شاعر کا ہدیہ عقیدت ہے (1)**

الف- احسان دانش
ب- حفیظ جالندھری
ج- حفیظ تائب
د- علامہ اقبال

**درست جواب:** الف- احسان دانش

**(x) محبوب کی خوش قامتی کا سلسلہ کس سے ملتا ہے (1)**

الف- سرو کے پودوں سے
ب- ونچے پہاڑ سے
ج- آسمان سے
د- فتنہ قیامت سے

**درست جواب:** الف- سرو کے پودوں سے

**(xi)جو اسم کسی کی اچھی یا بری حالت کو ظاہر کرے کہلاتا ہے (1)**

الف- اسم ذات
ب- اسم اشارہ
ج- اسم صفت
د- اسم جامد

**درست جواب:** ج- اسم صفت

**(xii) "شہ زور" گرائمر کے لحاظ سے کیا ہے (1)**

الف- اسم مکبر
ب- اسم مصغر
ج- اسم آلہ
د- اسم معرفہ

**درست جواب:** د- اسم معرفہ

**(xiii) "دوپہر" گرائمر کے لحاظ سے کیا ہے (1)**

الف- ظرف مکاں
ب- اسم حالیہ
ج- حاصل مصدر
د- ظرف زماں

**درست جواب:** ج- حاصل مصدر

**(xiv) درست تلفظ ہے** **(1)**

الف- اَقْامَتْ

ب- اِقَامَتْ

ج- اُقَامَتْ

د- اِقَامِتْ

**درست جواب:** ب- اِقَامَتْ

**(xv) درست تلفظ ہے** **(1)**

الف- مَبَلِغْ

ب- مُبَلَغْ

ج- مُبَلَغُ

د- مَبَلُغْ

**درست جواب:** ب- مُبَلَغْ

**سوال نمبر 2- درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

**(10** **تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے**

**حصہ نظم**

**(i) اصول محبت ہے پیغام جس کا**
**وہ محبوبؐ پروردگار آگیا ہے**

**(ii)پانی تھا آگ گرمی روز حساب تھی**
**ماہی جو سیخ موج تک آئی کباب تھی**

**(iii) لہرکھاتا ہے آگ خاشاک میں جس کا لہو**
**جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیل رنگ و بو**

**(iv) اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق**
**اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال**

**سوال نمبر 2- درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

**(10** **تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے**

**حصہ غزل**

**(i) میں درماندہ اُس بارگاہ عطا کا**
**گناہ گار ہوں خطا ہو گئی ہے**

**(ii) ایک مدت سے تیری یاد بھی آئی نہ ہمیں**
**اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں**

**(iii) ایک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں**
**ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں**

**سوال نمبر 3- نثر پاروں کی تشریح کریں- سبق عنوان ،مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے- (10**

**میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر معنی گئی ہے۔ اردو،فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی جس کبھی زبان پر نہیں لائے-بڑے شوق اور کی ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ ناملائم الفاز سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہار خیال فرماتے۔**

**باجی! یہ برقع توبڑا اچھا سا بنا ڈالا تم نے-" وہ اس کا برقع بھی نیچے سے مارے شوق کے اٹھاتی لائی " نظروں تھی۔لڑکی نے اس کی بات کا کوئی جواب نہ دیا اور وہ سورج کے رخ پر کھڑی ہو کر برقع کو قہر آلودہ سے دیکھنے لگی۔ پھر لمبی چوڑی چھت پرمضطر بانہ ٹہلنے لگی۔ اسے برقعے کی تعریف ہوتے ہی سفر کے سارے واقعات رہ رہ کر یاد آنے لگے، جنہیں وہ دل سے محو کر دینا چاہتی تھی۔**

**سوال نمبر 4- کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** **(10**

**(i) عالم کی موت سےعالم کی موت ہوتی ہے، مفہوم مختصرترین الفاظ میں لکھیے۔**

(ii) عیدالفطر پر نظموں میں شعراء نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟

(iii) کسان نے چغلخور کو کن شرائط پر ملازم رکھا ؟

(iv) علی بخش سے مصنف کی کیسے ملاقات ہوئی؟

(v) مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی ہے؟

(vi) نظم "حمد" میں خالق کی مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(vii) کون سے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟

شاعر کے بیان کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟ لکھیے۔ (viii)

سوال نمبر 5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ 5)
چغل خور (ii) اردو ادب میں عیدالفطر (i)

علم کے (i)(سوال نمبر6- درج عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے. 15)
شہری زندگی کے مسائل (iii) برسات کا موسم (ii) فائدے

سوال نمبر7- درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔
10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کررکھا ہے.ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں.ایک سا می دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں ناصرف پاکستان بلکہ ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں. بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے. اوراس سلسلہ کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کے برابری نہیں کرسکتا۔ زبانوں کی یہ آریائی خاندان کی شعائیں پاکستان ہندوستان ایران انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں

(i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟
(ii) عربی اور انگریزی، زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟
(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیں؟
(iv) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
(v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟